سالانہ اجلاس عام

ہذا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دیوان فاروق موٹرز لمیٹڈ (ڈی ایف ایم ایل یا کمپنی) کا تیئسواں (23) سالانہ اجلاس عام بدھ 27 اکتوبر 2021ء کو دن کے 02:00 بجے دیوان سیمنٹ لمیٹڈ۔ فیکٹری سائٹ واقع دیہہ ڈھنڈ و دھابیجی ضلع ملیر کراچی، پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوگا۔

عمومی امور

1) کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ بدھ 28 اکتوبر 2020ء کا کارروائی کی توثیق۔

2) 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

3) 30 جون 2022ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔

4) چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی

خصوصی امور

1) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 199 کے تحت ایک ایسوسی ایٹڈ کمپنی کو قلیل المدتی قرضوں/ پیشگیوں کے اجراء پر غور و خوص اور منظوری۔

بحکم بورڈ

محمد حنیف جرمن

کمپنی سیکریٹری

کراچی 24 ستمبر 2021ء

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (3) 134 کے خصوصی امور پر مبنی گوشوارہ کمپنی کے ممبران کو نوٹس ہذا کے ہمراہ لازمی جزو کے طور پر ارسال کیا جا رہا ہے۔

نوٹ:

1) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 20 اکتوبر 2021 تا 27 اکتوبر 2021 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔

2) ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار ٹرانسفر ایجنٹ بی ایم ایف کنسلٹنٹس پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع انعم اسٹیٹ بلڈنگ کمرہ نمبر 310 اور 311 تھرڈ فلور 49 دارالامان سوسائٹی مین شاہراہ فیصل متصل بلوچ کالونی پل، کراچی پاکستان کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

3) اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ تاہم پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس 48 گھنٹے قبل کمپنی کو مندرجہ بالا پتہ پر مل جانی چاہیے۔

4) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 20 جنوری 2000ء میں درج مندرجہ ذیل ہدایت پر عمل کرنا ہوگا۔